Truganina College	**COVID-19 اسکول واپسی کی پالیسی** **Truganina College**

مقصد

اس پالیسی کا مقصد یہ طے کرنا ہے کہ ہمارا کالج ٹرم 2، 2020 میں اسکول واپسی پر طلباء، والدین اور عملے کے درمیان کلیدی رابطوں کے دوران کرونا وائرس (COVID-19) سے متعلقہ خطرات سے کس طرح نمٹے گا۔

Truganina College اپنے طلباء اور عملے کے لئے سیکھنے اور کام کرنے کا ایک محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے۔ ہم پوری اسکول کمیونٹی سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ اس پالیسی پر عمل کرے تاکہ ہم اس عرصے کے دوران محفوظ ترین ممکن ماحول فراہم کرنے کے قابل ہوسکیں۔ وکٹوریہ میں COVID-19 کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے ہم سب کو ایک کردار ادا کرنا ہے۔

پس منظر

Truganina College ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ کے مشورے پر عمل کررہا ہے، جس میں *COVID-19 کے تناظر میں آن سائٹ پڑھائی کے لئے واپسی کے بارے میں صحت اور حفاظت کا مشورہ* شامل ہے۔ یہ مشورہ ڈیپارٹمنٹ کی کرونا وائرس (COVID-19) ویب سائٹ پر مل سکتا ہے۔

اطلاق

اس پالیسی کا اطلاق Truganina College کمیونٹی میں شامل ہر ایک شخص پر ہوتا ہے۔ اس میں عملے کے تمام ارکان (پرنسپل ، اساتذہ اور تعلیم سے متعلق معاون عملہ)، کالج کے ساتھ بات چیت کرنے والے تمام والدین/سرپرست اور تمام طلباء شامل ہیں۔ اس میں کالج آنے والے مہمان بھی شامل ہیں۔

ضروریات

آن-سائٹ حاضری

ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اینڈ ٹریننگ (DET) مشورہ دیتا ہے کہ:

کرونا وائرس (*COVID-19*) کی منتقلی کے خطرے کو کم کرنے کے لئے اسکول کمیونٹیاں شاید جو سب سے اہم کاروائی انجام دے سکتی ہیں، وہ یہ یقینی بنانا ہے کہ کوئی بھی بیمار عملہ، بچے اور نوجوان گھر پر ہی رہیں۔

اگرچہ وائرس کی منتقلی کا خطرہ بہت کم ہے، تاہم عملے اور طلباء میں سے جن کو شدید بیماری کا خطرہ ہے، انہیں اپنے طبی معالج کی مدد سے اس وقت آن سائٹ حاضری کے لئے موزونیت کا انفرادی طور پر جائزہ لینا چاہئے۔

چونکہ اسکول کے ماحول میں کرونا وائرس (COVID-19) کی منتقلی کا زیادہ خطرہ بالغوں کے مابین ہے، لہٰذا یہ ضروری ہے کہ اسکول کی حدود میں صرف وہی افراد داخل ہوں جو اسکول کی ضروری خدمات اور کاموں کی فراہمی میں حصہ لے رہے یا ان میں معاونت فراہم کررہے ہیں۔

اس کا مطلب ہے کہ ہمارے کالج میں:

- ایسے تمام عملے اور طلباء کو گھر رہنا **ہوگا** جو بیمار ہیں۔
- پیچیدہ طبی ضروریات رکھنے والے طلباء (بشمول جن کا مدافعتی نظام کمزور ہے) کے والدین\سرپرستوں کو طلباء کے طبی معالج سے مشورہ لینا چاہئے

کہ وہ یہ فیصلہ کرنے میں مدد کرے کہ آیا آن-سائٹ تعلیم موزوں ہے یا نہیں۔ ایسا کرتے ہوئے اس بات کو ذہن میں رکھا جائے کہ یہ مشورہ وکٹوریہ میں کرونا وائرس (COVID-19) وباء کی صورتحال کی بنیادہ پر تبدیل ہوسکتا ہے۔ یہ DET کی صحت سے متعلق دیکھ بھال ک ضروریات کی پالیسی کے مطابق ہے۔

- کالج کی حدود میں صرف انہیں افراد کو آنے کی اجازت دی جائے گی جو اسکول کی ضروری خدمات اور کاموں کی فراہمی میں حصہ لے رہے ہیں یا ان میں معاونت فراہم کررہے ہیں (جیسے طلباء کی صحت اور بہبود کی خدمات، اسپیشلسٹ نصابی پروگرامز، مرمت کرنے والے کارکن)۔
- والدین رضاکاروں سمیت اضافی عملے کی اس وقت اسکول آنے کی حوصلہ شکنی کی جاتی ہے۔ والدین پر انحصار کرنے والی سرگرمیوں (جیسے صبح کے وقت والدین کا بچوں کو فردا فردا پڑھانا، انتظامی رضاکار اور فنڈ ریزنگ ایونٹ کے رضاکار) کو اگلے نوٹس تک منسوخ کردیا گیا ہے۔
- ہمارا کہنا ہے کہ اگر والدین\سرپرستوں میں سے کوئی عملے کے رکن کے ساتھ کسی قسم کے معاملات پر بات چیت کرنا چاہتا ہے تو ایسا بذریعہ فون کال یا ای میل کیا جائے۔ اگر روبرو ملاقات کی ضرورت ہو (جیسے والدین اور ٹیچر کی طے شدہ ملاقات) تو اس دوران بالغوں کے درمیان 1.5 میٹر کے جسمانی فاصلے پر لازما عمل کیا جائے۔
- Australian Health Protection Principal Committee نے تجویز دی ہے کہ ایک کلاس میں 10 طلباء کی پہلے بتائی گئی شرح کی اب ضرورت نہیں ہے اور اس کے نتیجے میں کلاسز **اپنے معمول کے سائز** کے مطابق چلیں گی۔
- کینٹین صرف آن لائن لنچ آرڈرز کے لئے کھلے گی۔ معمول کے اسنیکس اور ڈرنکس بریک کے دوران خریدے جاسکتے ہیں جبکہ لنچ کے لئے گرم اور ٹھنڈی اشیاء صرف آن لائن دستیاب ہیں۔
- اسکولوں کے مابین تمام ایسی سرگرمیاں جن میں دوسرے اسکولوں کے طلباء کا اسکول آنا شامل ہے [جیسے اسکولوں کے مابین کھیل]، یا تو ورچوئل طور پر منعقد کی جائیں گی یا پھر منسوخ کردی جائیں گی۔
- اسکول اسمبلیاں، بیرونی دورے، کیمپ اور دیگر غیر ضروری بڑے اجتماعات ملتوی کردیئے جائیں گے۔ اس میں 2021 انفارمیشن نائٹس اور اسکول ٹور شامل ہیں، اس کے بجائے یہ معلومات آن لائن پیش کی جائیں گی۔

اسکول آمد اور روانگی

DET مشورہ دیتا ہے کہ:

چونکہ اسکول کے ماحول میں کرونا وائرس (*COVID*-19) متعارف کروانے کا سب سے بڑا خطرہ بالغوں سے ہے، لہذا اسکول کمیونٹی کے بالغ ارکان کو ایکدوسرے کے بہت قریب آنے سے گریز کرنا چاہئے، خاص طور پر اسکول چھوڑنے اور اسکول سے لینے کے دوران۔

اس کا مطلب ہے کہ ہمارے کالج میں:

- ہم عملے اور والدین\سرپرستوں سے کہتے ہیں کہ وہ دوسرے بالغوں اور کلاس رومز کے دروازوں سے 1.5 میٹر کا جسمانی فاصلہ رکھیں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ اسکول کے کار پارک سمیت اسکول کے اندر یا اس کے آس پاس کے علاقوں میں جمع نہ ہوں۔
- اسکول کے اندر اور داخلے کے مقامات پر طلباء اور بڑوں کے رابطے کو کم سے کم کرنے کے لئے ہم:
    - طلباء کو لینے کے مختلف اوقات بروز منگل 26 مئی، 2020 سے شروع کررہے ہیں۔ طلباء کو اس وقت لے جایا جاسکتا ہے:
      فاؤنڈیشنتعلیمی سال 1
      تعلیمی
      سال 2 گزارش کرنا کہ والدین صرف اس وقت اسکول کی حدود میں داخل ہوں جب ایسا کرنا لازمی ہو اور اس کے بجائے، جب مناسب ہو، فون یا ای میل کے ذریعے اسکول سے رابطہ کریں
    - اسکول شروع ہونے سے پہلے اور ختم ہونے کے بعد تمام کھیل کے میدان اور باسکٹ بال کورٹس بند کرنا
    - چھوئے بغیر ملنے کی حوصلہ افزائی کرنا

حفظان صحت

DET مشورہ دیتا ہے کہ:

ہاتھوں کو مؤثر طور پر صاف رکھنے کا عمل جاری رکھتے ہوئے ہر کوئی اپنی حفاظت کرسکتا ہے اور کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو روک سکتا ہے۔

ہمارے کالج میں:

- تمام عملہ اور طلباء باقاعدگی سے ہاتھ کے حفظان صحت پر عمل کریں گے، خاص طور پر اسکول آنے پر، کھانے سے پہلے اور بعد میں، ناک صاف کرنے، کھانسنے ، چھینکنے یا بیت الخلا استعمال کرنے کے بعد۔ جہاں ضرورت پڑی عملہ اس کی ہدایت دے گا اور نگرانی کرے گا۔
- جہاں صابن اور پانی آسانی سے دستیاب نہیں ہوں گے، وہاں ہینڈ سینیٹائزرز فراہم کئے جائیں گے۔
- عملہ اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ہینڈ سینیٹائزر کو خالی ہونے سے پہلے دوبارہ بھرا جائے۔
- طلباء کو اسکول میں استعمال (اور دوبارہ بھرنے) کے لئے پانی کی اپنی ذاتی بوتلیں **لازمی** لانی ہوں گی۔ سفارش کی جاتی ہے کہ طلباء اس وقت پینے والے نلوں سے براہ راست پانی نہ پئیں۔
- عملے اور طلباء کو یاد دہانی کروائی جاتی ہے کہ وہ اپنے موبائل فونز کو باقاعدگی سے صاف کریں۔ موبائل فون پالیسی برقرار رکھی گئی ہے تاکہ طلباء اسکول میں دن کے دوران اپنے موبائل فون سے دور رہیں۔
- کھانا شیئر کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

درس و تدریس کے ماحول اور بریک کے اوقات کے لئے خصوصی انتظامات

DET مشورہ دیتا ہے کہ:

تعلیمی سیٹنگز میں 1.5 میٹر کا جسمانی فاصلہ برقرار رکھنا ہر وقت قابل عمل نہیں ہوگا۔ بالغوں کے مابین جسمانی فاصلہ سب سے زیادہ اہم ہے۔

اسکول کی حدود میں کرونا وائرس (COVID-19) کے پھیلاؤ کے خطرے کو کم سے کم رکھنے اور تصدیق شدہ کیس کی نادر صورت میں اسے محدود رکھنے میں معاونت کی غرض سے احتیاطی تدبیر کے طور پر مختلف گروہوں (کلاسز یا تعلیمی سالوں) کے مابین میل جول کو کم کرنے کی سفارش کی جاتی ہے۔